© rasailojaraid.com

سید کاشف گیلانی

## ڈر لگتا ہے

جس کو حق بات کے اظہار سے ڈر لگتا ہے
مجھ کو اس شخص کے کردار سے ڈر لگتا ہے

جس کی نفرت سے ملا مجھ کو حقیقت کا سراغ
اس کی نفرت سے نہیں پیار سے ڈر لگتا ہے

ایک لمحہ بھی مرے ساتھ نہیں چل سکتا
جس کسی کو رسن و دار سے ڈر لگتا ہے

ننگ اسلاف ہوئے اہل جنوں کے وارث
یوں انہیں قربتِ احرار سے ڈر لگتا ہے

جنکی ہمت کو زمانے کی ہوس نے چھینا
یہ وہ بزدل ہیں جنہیں ہار سے ڈر لگتا ہے

کس قدر شوق سے جاتا ہے جہنم کی طرف
مجھ کو حضرت ترے ہر یار سے ڈر لگتا ہے

جن کی سرکار کا ڈر ہر کس و ناکس پہ تھا کل
کیا ہوا ان کو بھی سرکار سے ڈر لگتا ہے

کس قدر سہل طبیعت ہیں زمانے کے شیوخ
ان کو ہر منزل دشوار سے ڈر لگتا ہے

کفر کی راہ میں اک آہنی دیوار ہیں ہم
کفر کو آہنی دیوار سے ڈر لگتا ہے

صرف اللہ کو زیبا ہے تکبر کاشف
اس لئے زہد کے پندار سے ڈر لگتا ہے


رجسٹرڈ 675

اصلی ہڈی جوڑ گولی

عطیہ خواجہ غریب شاہ

انسان کی ہڈی ٹوٹ جائے تو گولی کے تین حصے کر کے روزانہ نہار منہ مکھن کے ساتھ کھائیں اور پانچ دن تک نمک سے پرہیز کریں۔ اور اگر کس جانور کی ہڈی ٹوٹ جائے تو یہی گولی مکمل جوار، مکئی یا جو کے آٹے میں کھلائیں نمک، گندم اور چنے کے آٹے سے پرہیز کرائیں۔ نیز ہمارے ہاں بواسیر اور ہمہ قسم کے درد کی گولیاں بھی دستیاب ہیں۔ نوٹ: مدرسہ کے لئے تعاون کی اپیل جاتی ہے۔

پتہ: صاحبزادہ قاری محمد طیب میانہ (اولاد سلطان عبدالحکیم)
مسجد حاجی بشیر احمد محلہ سلطانیہ عبدالحکیم، تحصیل کبیروالا ضلع خانیوال




© rasailojaraid.com